ایس او پیز(SOPs) نمبر: ابدالین سوسائٹی فیز-I :07 مورخہ: 01-01-2026

ایس او پی برائے گھریلو جانوروں اور پالتو جانوروں کو رکھنے پر

1۔ رہائشی ذمہ دار ہیں کہ وہ اپنے پالتو جانور کتے یا بلیوں وغیرہ کو اپنے گھروں کی حدود میں رکھیں۔

2۔ رہائشیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے پالتو جانوروں کو ہر وقت مناسب طریقے سے Vaccinated اور صحت مند رکھیں۔

3۔ پالتو جانور رکھنے والے رہائشیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے پالتو جانوروں کو ایسی خوراک دیں جو ان کے لیے صحت بخش ہو۔

4۔ رہائشیوں کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ اپنے پالتو جانوروں کے فضلہ وغیرہ کو مناسب طریقے سے تلف کریں جس سے سوسائٹی میں بدبو اور گندگی نہ پھیلے اور سڑکوں، گلیوں میں نہ پھینکیں۔

5۔ رہائشی اپنے پالتو جانوروں کا جب سوسائٹی میں واک / سیر کروانے نکلے تو اپنے پالتو جانوروں (Dogs, Cats etc) کا کالر / پٹہ کو جکڑے رکھیں اور یقینی بنائیں کہ وہ دوسروں / رہائشیوں کو نقصان نہ پہنچا سکے۔

6۔ کسی بھی رہائشی کے لیے اپنے پالتو جانور خصوصاً کتے کو بلاکس B, A اور C کے پارکوں میں لانے کی اجازت نہیں ہے اور ایسا کرنے والے رہائشی کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی اور آئندہ پالتو جانور رکھنے پر پابندی لگائی جا سکتی ہے۔

7۔ مرغیاں رکھنے والے رہائشی اپنی مرغیاں اپنے گھر کی چار دیواری کے اندر رکھیں تاکہ دوسرے رہائشیوں کو پریشانی نہ ہو اور فی گھر صرف 02 مرغیاں رکھنے کی اجازت ہوگی۔

8۔ سوسائٹی میں رہائشیوں کو پالتو جانور (کتا، بلی اور مرغی) رکھنے کی اجازت ہے۔ پالتو کبوتر، بکرا، بھیڑ، گائے، اونٹ، بطخ یا دیگر جانور رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

9۔ پالتو جانوروں کی وقت بے وقت غیر معمولی آوازوں جن سے ابدالین سوسائٹی کے منسلک ہمسائے اور دیگر رہائشی متاثر ہوتے ہیں۔ پالتو جانوروں کو رکھنے والے رہائشیوں کو انھیں کنٹرول رکھنا ہوگا۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

جنرل سیکرٹری